## پیپلز پارٹی کی حکومت کو وفاق اور صوبے میں گرنے نہیں دیں گے۔ الطاف حسین

## آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور پیپلز پارٹی کے تمام لیڈروں کو یقین دلاتا ہوں
## کہ پیپلز پارٹی کی حکومت کے خلاف جو سازشیں کی جارہی ہیں ان کا سامنا کرنے کیلئے
## متحدہ قومی موومنٹ پیپلز پارٹی کے ساتھ کھڑی ہوگی

## ہم ملک سے ظلم کے نظام کا خاتمہ کرینگے، صوبوں کے وسائل پر صوبوں کا حق تسلیم کریں گے

## اے پی ایم ایس او کے 30 ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں کراچی سمیت 22 شہروں میں اجتماعات سے بیک وقت خطاب

کراچی۔۔۔11 جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اعلان کیا ہے کہ میں پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور پیپلز پارٹی کے تمام لیڈروں کو متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے یقین دلاتا ہوں کہ ہم پیپلز پارٹی کی حکومت کو وفاق اور صوبے میں گرنے نہیں دیں گے اور پیپلز پارٹی کی حکومت کے خلاف جو جو سازشیں کی جارہی ہیں ان کا سامنا کرنے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ پیپلز پارٹی کے ساتھ کھڑی ہوگی۔ انہوں نے یہ اعلان آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے 30ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں کراچی سمیت ملک کے 21 شہروں میں منعقد ہونے والے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جناب الطاف حسین کا یہ خطاب عزیز آباد کراچی کے ساتھ ساتھ حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، شکارپور، کشمور، خیرپور، گھوٹکی، نوشہرو فیروز، لاڑکانہ، دادو، بدین، ٹھٹھہ، نوابشاہ، سانگھڑ، قمبر شہدادکوٹ، ٹنڈوالہ یار، جیکب آباد، عمرکوٹ، جامشورو اور اسلام آباد میں بیک وقت سنا گیا۔ یوم تاسیس کا مرکزی اجتماع کراچی میں عزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں منعقد کیا گیا جس میں ہزاروں کارکنوں نے شرکت کی جن میں نوجوانوں کے علاوہ بزرگوں اور خواتین کارکنان شامل تھیں۔ جناب الطاف حسین نے اپنے خطاب کی ابتداء میں تحریکی جدوجہد میں شہید، اسیر، جلاوطن، لاپتہ اور دربدر ہونے والے کارکنوں اور ماؤں بہنوں بزرگوں کی قربانیوں پرخراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ حق پرستی کا قافلہ 11 جون 1978ء کو جامعہ کراچی سے شروع ہوا اور پھر تعلیمی اداروں سے گلیوں اور شہر کے قریہ قریہ میں پھیل گیا اور آج سندھ سے نکل کر چاروں صوبوں کے علاوہ آزاد کشمیر اور شمالی علاقہ جات میں پہنچ چکا ہے اور آج پاکستان کا کوئی ایک علاقہ ایسا نہیں ہے جہاں ایم کیو ایم کا چاہنے والا نہ ہو۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں آج اے پی ایم ایس او کے توسط سے پورے ملک کے 98 فیصد عوام کو یہ پیغام دیتا ہوں کہ ہمارا ان سے یہ وعدہ ہے کہ ہم ملک سے ظلم کے نظام، چوری چکاری، دھوکے بازی، بے ایمانی اور رشوت ستانی کا خاتمہ کریں گے اور ملک میں ایماندار لوگوں کو اقتدار کے ایوانوں میں پہنچائیں گے اور ملک کو ایسا نظام حکومت دیں گے جو کرپشن سے پاک ہوگا، ہم ملک کو اس طرح سنواریں گے کہ ملک بھر میں ہر کسی کے پاس روزگار ہو، کوئی بیروزگار نہ ہو، کوئی فاقہ کشی سے تنگ آکر خودکشی کرنے میں مجبور نہ ہو، کوئی بھی غریب علاج ومعالجے سے محروم نہ ہو، ہم ملک میں نظام تعلیم کو بہتر سے بہتر بنائیں گے، ملک کو پانی وبجلی کی سہولتیں فراہم کریں گے، ملک میں انصاف کا ایسا نظام قائم کریں گے کہ عدالتوں کے دروازے ہر امیر اور غریب کیلئے کھلے ہوں اور جس آسانی سے امیر عدالتوں تک رسائی حاصل کرتا ہے اسی طرح غریب بھی عدالتوں کے دروازے پر دستک دے سکے۔ ہم ملک میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری قائم کریں گے تاکہ ہر مسلک اور مذہب کے ماننے والے لوگ باعزت طریقے سے زندگی گزار سکیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم ملک میں صوبائی منافرت نہیں بلکہ ایسا نظام قائم کریں گے کہ صوبائی مفاہمت پیدا ہو، وسائل کی منصفانہ تقسیم ہو، ہم صوبوں کے وسائل پر ان صوبوں کے حق کو تسلیم کریں گے، صوبوں کو حکومتیں چلانے کا اختیار دیں گے، ملک بھر میں اسپتالوں کا جال بچھائیں گے اور ملک میں ایسا نظام قائم کریں گے جہاں امیر غریب کا فرق ختم ہوجائے، ہم تعلیم کا ایسا یکساں نظام قائم کرینگے کہ جو اعلیٰ تعلیم امیر کے بچوں کو حاصل ہو اسی اعلیٰ معیار کی تعلیم غریب کے بچوں کو بھی حاصل ہو۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ دوتین روز قبل پنجاب کے آرگنائزر امان اللہ اور سینئر اور بزرگ رہنما غیاث الدین جانباز لندن تشریف لائے ان سے پنجاب میں تنظیمی کام کو بڑھانے کیلئے تفصیلی بات ہوئی ہے۔ انشاء اللہ وہ وقت جلد آئے گا جب پنجاب میں گلی گلی متحدہ کے جھنڈے لہرارہے ہونگے۔ اسی طرح بلوچستان اور صوبہ پختونخواہ میں بھی تنظیم سازی ہورہی ہے اور انشاء اللہ وہ وقت آئے گا اے پی ایم ایس او کا اگلا یوم تاسیس چاروں صوبوں میں بھی جوش وخروش سے منایا جائے گا۔

## مہمند ایجنسی پاکستانی فوجیوں سمیت متعدد افراد کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس
## ملک کی حفاظت کیلئے حکومت کے مثبت اقدامات کے ساتھ ہیں، وزیر اعظم پاکستان کو یقین دہانی

لندن۔۔۔11، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی کو یقین دلایا ہے کہ ایم کیوایم، ملک کی حفاظت کیلئے حکومت کے ہر مثبت اقدامات کی حمایت کرے گی۔ کراچی، اسلام آباد اور سندھ کے 19 شہروں میں اے پی ایم ایس او کے 30 ویں یوم تاسیس کے اجتماعات سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ قبائلی علاقہ مہمند ایجنسی میں ہوائی حملہ میں پاکستانی فوجیوں سمیت متعدد افراد شہید وزخمی ہوگئے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے پاکستانی فوجیوں سمیت متعدد افراد کی شہادت پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے ان کی مغفرت کی دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شوکت عزیز نے قومی اسمبلی میں تقریر کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت، ملک کی حفاظت کیلئے مثبت اقدامات کرے گی جس پر میں وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کو یقین دلاتا ہوں کہ حکومت، ملک کی حفاظت کیلئے جو بھی مثبت اقدامات کرے گی، ایم کیوایم ان مثبت اقدامات پر حکومت کے ساتھ ہوگی۔

## بنارس چوک پر تعمیر ہونے والے فلائی اوور کا نام باچہ خان چوک رکھیں، الطاف حسین کی سٹی ناظم مصطفیٰ کمال کو ہدایت

لندن۔۔۔11، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ناظم کراچی مصطفیٰ کمال کو ہدایت کی ہے کہ وہ بنارس چوک پر تعمیر ہونے والے فلائی اوور کا نام باچہ خان چوک رکھیں۔ یہ ہدایت انہوں نے بدھ کو اے پی ایم ایس او کے 30 ویں یوم تاسیس کے موقع پر کراچی سمیت مختلف شہروں میں منعقدہ اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ یہ پل میری طرف سے پختونوں کیلئے ایک تحفہ ہے جب بھی لوگ اس پل پر سے گزریں گے تو انہیں معلوم ہوگا کہ اس فلائی کا نام باچا خان چوک ہے جس پر ان کی خدمات کا تذکرہ بھی ہوگا اور ہم انہیں اس طرح خراج عقیدت پیش کرسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے دنوں کراچی میں اسفند یار ولی اور اے این پی کے دیگر رہنماؤں سے ایم کیوایم کے رہنماؤں کی ملاقات ہوئی تاکہ ہم شہر میں مہاجروں اور پختونوں میں اختلافات اور غلط فہمیوں کو ختم کرسکیں جس طرح ہم نے سندھیوں اور مہاجروں کے درمیان دوریوں کو ختم کیا۔ انہوں نے کہا کہ میری اسفند یار ولی سے بہت اچھی بات ہوئی تھی، ہم پختون رہنماؤں کو کہتے ہیں کہ ہمارے دل میں ان کے لئے بھی بہت محبت ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ تمام قومیتیں امن و بھائی چارے سے رہیں۔

## الطاف حسین کی شہداء کیلئے خصوصی دعا

کراچی۔۔۔اسٹاف رپورٹر

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایسے شہید تحریکی ساتھیوں کیلئے خصوصی طور پر دعا کی جو آج تحریک میں موجود نہیں ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کارکنوں کو کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے جن کی بدولت آج ایم کیوایم کامیابی کے منازل تیزی کے ساتھ طے کررہی ہے۔ انہوں نے مختلف زبانوں سندھی، پنجابی، پشتوں، بلوچی، اردو اور انگریزی میں اے پی ایم ایس او کے 30 ویں یوم تاسیس کی مبارکباد بھی دی۔

## 30 ویں یوم تاسیس کے بعد اب گولڈن جوبلی سالگرہ اور سویں سالگرہ بھی ضرور منائیں گے، الطاف حسین

کراچی۔۔۔اسٹاف رپورٹر

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے دعا کی ہے اور اس خواہش کا اظہار کیا ہے کہ ایم کیوایم انشاءاللہ 30 ویں یوم تاسیس کے بعد اب گولڈن جوبلی سالگرہ اور سویں سالگرہ بھی ضرور منائے گی۔ اس خواہش کا اظہار انہوں نے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں اے پی ایم ایس او کے 30 ویں یوم تاسیس کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

## الطاف حسین/اے پی ایم ایس او کی ویب سائٹ کا اعلان

کراچی۔۔۔اسٹاف رپورٹر

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے تیسویں یوم تاسیس کے موقع پر تنظیم کی ویب سائٹ www.apmso.info کا باقاعدہ افتتاح کردیا گیا ہے۔ ویب سائٹ کا اعلان تحریک کے بانی وقائد جناب الطاف حسین نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے 30 یوم تاسیس کے اجتماع سے اپنے خطاب کے موقع پر کیا۔اس موقع پر انہوں نے اے پی ایم ایس او کی تنظیم کمیٹی اور تمام کارکنوں کے مبارکباد دی اوراے پی ایم ایس او کے ویب ٹیم کے کارکنوں نے مبارکباد دی۔انہوں نے تحریک جدید تقاضوں اور ٹیکنالوجی کے ہم آہنگ کرنے پر ایم کیوایم کے میڈیا ونگ کو خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## ایم کیوایم کے سابق سینئر رہنما اور سابق ڈپٹی سیکریٹری اطلاعات احمد سلیم صدیقی دوبارہ فعال ہو گئے

کراچی۔۔۔اسٹاف رپورٹر

ایم کیوایم کے سابق سینئر رہنما اور سابق ڈپٹی سیکریٹری اطلاعات احمد سلیم صدیقی ایم کیوایم کی حق پرستی کی تحریک میں ایک مرتبہ پھر فعال ہوگئے ہیں۔انہوں نے بدھ کو آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے 30ویں یوم تاسیس کے موقع پر لال قلعہ گراؤنڈ میں ہونے والے بڑے عوامی اجتماع میں بھی شرکت کی۔ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے اجتماع میں انکی موجودگی کا خصوصی طور پر ذکر کیا اوران کے فعال ہونے پران کا خیر مقدم کیا۔انہوں نے رابطہ کمیٹی اور کراچی تنظیمی کمیٹی کو بھی ہدایت کی کہ ایسے معطل کارکنان جن پر سنگین الزامات نہیں ہیں انہیں بھی فوری طور پر بحال کردیا جائے۔

## اے پی ایم ایس او/30واں یوم تاسیس/جھلکیاں

کراچی۔۔۔11، جون 2008ء

☆ ایم کیوایم کو جنم دینے والی طلبہ تنظیم آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے تیسویں یوم تاسیس کے سلسلے میں بدھ کی شب لندن، کراچی سمیت سندھ کے مختلف 22 زونوں میں بیک وقت بڑے بڑے عوامی اجتماعات منعقد ہوئے جن سے تحریک کے بانی وقائد جناب الطاف حسین نے بیک وقت خطاب کیا۔

☆ یوم تاسیس کا سب سے بڑا اجتماع کراچی میں عزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں منعقد ہوا۔اجتماع میں خواتین اور بزرگوں سمیت ہزاروں افراد نے شرکت کی۔شرکاء کی بڑی تعداد میں شرکت کے باعث لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں جگہ کم پڑ گئی تاہم شرکاء نے گراؤنڈ کے اطراف کی سڑکوں پر بیٹھ کر جناب الطاف حسین کا خطاب سماعت کیا۔

☆ جتماعات میں کارکنان کا جوش وخروش قابل دید تھا اور وہ فلک شگاف انداز میں نعرے لگا کر اپنے عہد وفا کی تجدید کررہے تھے۔

☆ اجتماع میں ہندو، عیسائی اور سکھ سمیت دیگر اقلیتی برادریوں کے افراد نے بھی شرکت کی تین معصوم سکھ بچے شرکاء کی توجہ کا مرکز رہے۔

☆ لال قلعہ گراؤنڈ میں سینکڑوں برقی قمقموں اور ایم کیوایم کے خوشنما پرچموں کے باعث رنگ ونور کا ایک سیلاب آیا ہوا تھا۔

☆ لال قلعہ گراؤنڈ میں فرشی نشستوں کا انتظام کیا گیا تھا جبکہ ان کیلئے ٹھنڈا پانی بھی وافر مقدار میں موجود تھا۔

☆ لال قلعہ گراؤنڈ میں اسٹیج کے عقب میں ایک بڑی اسکرین نصب کی گئی تھی جس پر پاکستان اور ایم کیوایم کے پرچم لہرارہے تھے جبکہ اسکرین پر جناب الطاف حسین کی تصویر بھی تھی جس پر ’’ہراک صبح کا آغاز تیری فکر سے، اشعار اور 11 جون 2008 تیسواں یوم تاسیس بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کا خطاب ‘‘، جلی حروف میں تحریر تھا۔

☆ اجتماع میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین، رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین رابطہ کمیٹی ڈاکٹر نصرت، اشفاق منگی، عادل صدیقی، نیک محمد، اے پی ایم ایس او کی تنظیم نو کمیٹی کے اراکین عابد چوہان اور عبدالرحیم کے علاوہ حق پرست اراکین سندھ اسمبلی، حق پرست صوبائی وزراء، سٹی ناظم

سید مصطفیٰ کمال، ٹاؤن ناظمین اور دیگر نے بھی شرکت کی۔

☆ یوم تاسیس کے جلسے کی کارروائی کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جبکہ نظامت کے فرائض اے پی ایم ایس او کے کارکنان نے انجام دیئے۔

☆ لال قلعہ گراؤنڈ اور اس کے اطراف کی عمارتوں پر اے پی ایم ایس او کے مختلف یونٹوں کی جانب سے بڑی تعداد میں یوم تاسیس کی مبارکباد کے بینرز لگائے گئے تھے اور جلسہ گاہ کو قائد تحریک جناب الطاف حسین تصاویر کے بڑے بڑے پورٹریٹ لگا کر سجایا گیا تھا۔

☆ بینروں پر اے پی ایم ایس او کے 30ویں یوم تاسیس کی مبارکباد اور انقلابی اشعار اور نظمیں جلی حروف میں تحریر تھیں۔

☆ ٹھیک 10 بجکر 5 منٹ پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ٹیلی فون لائن پر آمد کا اعلان کیا گیا تو کارکنوں میں جوش وخروش کی لہر دوڑ گئی اور فضائیں فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھیں۔

☆ جناب الطاف حسین کی ٹیلی فون لائن پر آمد کے موقع پر ایم کیو ایم کا مشہور ترانہ ''ساتھی'' بجایا گیا جس کا شرکاء نے اپنی نشستوں سے کھڑے ہو کر تالیوں کی گونج میں بھرپور ساتھ دیا بعدازاں شرکاء نے نعرہ الطاف جیئے الطاف، نیا جذبہ نیا خون گیارہ جون گیارہ جون، ہر گھڑی تیار کون......اے پی ایم ایس او اور دیگر فلک شگاف نعرے لگائے جس کا سلسلہ کافی دیر تک جاری رہا۔

## اے پی ایم ایس او کے یوم تاسیس کے سلسلے میں کوئز اور تقریری مقابلے میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلب علموں کو انعامات تقسیم کئے گئے

کراچی۔۔۔11، جون 2008ء (اسٹاف رپورٹر)

لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں بدھ کی شب اے پی ایم ایس او کے 30ویں یوم تاسیس کے اجتماع میں تقریری مقابلہ اور کوئز مقابلے میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء میں شیلڈز اور انعامات تقسیم کئے گئے۔ یہ انعامات ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین نے تقسیم کئے۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین اور اے پی ایم ایس او کی تنظیم نو کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ تقریری مقابلے میں پہلا انعام داؤد انجینئرنگ کالج کے طالب علم معین کو دیا گیا، دوسرا انعام ملیر مونو ٹیکنک انسٹی ٹیوٹ کے طالب علم احسن غوری اور تیسرا انعام جامعہ کراچی کے طالب علم بلال زوہیب نے حاصل کیا جبکہ خصوصی انعام علیگ مارننگ کالج کے سید طاہر کو دیا گیا۔ اسی طرح کوئز مقابلے میں اے پی ایم ایس او سیکٹر ای کی ٹیم کے اراکین کو پہلی پوزیشن، سیکٹر اے کی ٹیم کے اراکین کو دوسری پوزیشن اور سیکٹر سی کی ٹیم کے اراکین کو تیسری پوزیشن حاصل کرنے پر شیلڈز اور انعقامات تقسیم کئے گئے۔ واضح رہے کہ اے پی ایم ایس او کے 30ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں اے پی ایم ایس او کے زیر اہتمام تعلیمی اداروں میں کوئز اور تقریری مقابلوں کا انعقاد کیا گیا تھا جن میں طلبہ وطالبات نے گہری دلچسپی کا مظاہرہ کیا تھا۔

## 30واں یوم تاسیس/مقررین خطاب

کراچی۔۔۔11، جون 2008ء (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور اے پی ایم ایس او کی تنظیم نو کمیٹی کے انچارج وسیم آفتاب نے کہا ہے کہ بہت جلد وہ دن آنے والا ہے کہ ہم 11 جون اے پی ایم ایس او کے یوم تاسیس کے دن کو اس عزم کے ساتھ منائیں گے کہ کوئی بچہ بھوکا نہیں سوئے گا، لوگ خودکشی نہیں کریں گے اور ہر طبقے تک انصاف کی فراہمی ہوگی اور یہ سب کچھ ہو کر رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں اے پی ایم ایس او کے 30ویں یوم تاسیس کے موقع پر منعقدہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست اراکین اسمبلی، حق پرست صوبائی وزراء، ٹاؤن ناظمین اور کارکنان ہزاروں کی تعداد میں موجود تھے جن میں خواتین کی بھی تعداد نمایاں تھی۔ وسیم آفتاب نے کہا کہ ایم کیو ایم کی انقلابی تحریک میں جن کارکنوں نے اپنے لہو کے نذرانے پیش کئے ہیں ان کی یہ لازوال قربانیاں اپنا رنگ دکھانے والی ہیں لیکن اس موقع پر ہمیں ضرورت ہے اپنے حق پرستی کے سفر کو مستقل مزاجی کے ساتھ جاری رکھنے کی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے کارکنان جس شعبہ میں کام کر رہے ہیں وہ حق پرستی کی تحریک کیلئے معاون و مددگار رہیں اور اپنی صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ 60 برس سے تقسیم کرو اور حکومت کرو کی پالیسی کو لیکر چل رہی ہے لیکن ایم کیوایم عوام کا استحصال کرنے والے ہر عمل کے خلاف سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد میں کارکنوں کا لہو اس یقین کے ساتھ گرا ہے کہ وہ رائیگاں نہیں جائے گا۔ انہوں نے یوم تاسیس کے شرکاء کو اے پی ایم ایس او کے 30 ویں یوم تاسیس کی دلی مبارکباد بھی پیش کی۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی تنظیم نو کمیٹی کے رکن ارشد شاہ نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے غریب ومتوسط طبقے کے لوگوں کو عملی طور پر ایوانوں میں پہنچایا ہے اور بات یہیں تک ختم نہیں ہوتی بلکہ یہ سلسلہ مسلسل آگے کی جانب رواں دواں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک وقوموں کی تاریخ میں کچھ ایام تاریخی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں اور 11 جون ایم کیوایم کی تاریخ میں یقیناً ایک تاریخ ساز دن ہے کیونکہ اس دن اے پی ایم ایس او نے جنم لیا، نئی سوچ، نظریہ ملا اور سب سے بڑھ مظلوموں کے رہبر ورہنما قائد تحریک جناب الطاف حسین ہمیں ملے۔

## آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے 30 ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں جمعہ 13 جون کو لندن میں اجتماع ہوگا۔ اے پی ایم ایس او کے بانی وقائد الطاف حسین خطاب کریں گے

لندن۔۔۔11 جون 2008ء

ایم کیوایم یو کے کے زیر اہتمام آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے 30 ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں جمعہ 13 جون کو لندن میں اجتماع منعقد کیا جائے گا جس سے اے پی ایم ایس او کے بانی وقائد جناب الطاف حسین خطاب کریں گے۔ یوم تاسیس کا یہ اجتماع لندن کے علاقے ایجویئر میں ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے بالمقابل واقع وی آئی پی لاؤنج میں ہوگا۔ وی آئی پی لاؤنج واقع 47 ہائی اسٹریٹ ایجویئر مڈل سیکس پوسٹ کوڈ HA8 7DD میں یوم تاسیس کا یہ اجتماع شام 6 بجے ہوگا۔ یوم تاسیس کے انعقاد کے سلسلے میں ایم کیوایم یوکے کی جانب سے اجتماع کی تیاریاں جاری ہیں۔

## پاکستان اسٹیل ملز کے محنت کش ریفرنڈم میں یونائٹڈ ورکرز فرنٹ کو کامیاب بنائیں۔ متحدہ قومی موومنٹ

کراچی۔۔۔11، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پاکستان اسٹیل ملز کے تمام ملازمین سے اپیل کی ہے کہ وہ کل بروز بدھ 12 جون کو پاکستان اسٹیل میں سی بی اے کیلئے ہونے والے ریفرنڈم میں یونائٹڈ ورکرز فرنٹ کو اپنے ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔ اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یونائٹڈ ورکرز فرنٹ نے ماضی میں بھی پاکستان اسٹیل ملز کے ملازمین کی بلاامتیاز خدمت کی ہے اور ادارے کی ترقی اور ملازمین کے مسائل کے حل کیلئے مخلصانہ کوششیں کی ہیں اور اب بھی وہ ریفرنڈم میں کامیاب ہوکر ادارے کے ملازمین کے مسائل کے حل کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائے گی۔ رابطہ کمیٹی نے اسٹیل ملز کے محنت کشوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے مسائل کے حل کیلئے یونائٹڈ ورکرز فرنٹ کو اپنے ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے جوائنٹ آرگنائزر مظہر حسین کو عہدے سے سبکدوش کرکے پارٹی کی بنیادی رکنیت سے غیر معینہ مدت تک کیلئے معطل کردیا گیا

کراچی۔۔۔11، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کرنے پر ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے جوائنٹ آرگنائزر مظہر حسین کو ان کے عہدے سے سبکدوش کردیا ہے اور پارٹی کی بنیادی رکنیت سے غیر معینہ مدت تک کیلئے معطل کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے لیبر ڈویژن کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ مظہر حسین سے کسی بھی قسم کا رابطہ نہ رکھیں اور ان سے لین دین، بات چیت اور دیگر امور ومعاملات کے وہ خود ذمہ دار ہوں گے۔

☆☆☆☆☆